**آپ کا ریکن نیوزلیٹر – نومبر 2020**

**Covid-19 قومی پابندیاں**

ہم آپ کو اور اپنے عملے کو محفوظ رکھتے ہوئے، اپنی خدمات کو Covid سے محفوظ طریقے سے فراہم کرنا جاری رکھے ہوئے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے، براہِ مہربانی wrekin.com/coronavirus پر جائیں

**وینز ریکن کے الفاظ**

ہمارے نئی شکل و صورت کے میگزین 'یور ریکن' میں آپ کا خیر مقدم ہے۔ ہم ٹرسٹ ٹاکس جیسے ہی مشہور مضامین کو شامل کر رہے ہیں لیکن ایک نئے تازہ ڈیزائن کے ساتھ جو ڈیجیٹل طور پر بھی دستیاب ہے۔ میں ان سب کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں جنہوں نے نئے نام کی تجاویز پیش کیں اور عالیہ حسین کو مبارکباد جنہوں نے فاتح نام تجویز کیا۔

میں ان لاجواب فنکاروں کا بھی شکرگزار ہوں جنھوں نے ہمارے کیلنڈر آرٹ کے مقابلے کے لیے اپنی تصویروں کا اشتراک کیا۔ میں جانتا ہوں کہ گاہکوں اور عملے کے جس پینل نے اس مقابلہ کا فیصلہ کیا ہے اسے کچھ مشکل فیصلے کرنے تھے، لیکن مجھے یقین ہے کہ آپ 2021 کے حتمی کیلنڈر سے اتفاق کریں گے۔ لیزلی ہاؤز کو مبارکباد، جنھیں مجموعی فاتح اور فرنٹ کور آرٹسٹ منتخب کیا گیا ہے۔

یہ میگزین دوسرے قومی لاک ڈاؤن کے درمیان میں پیش کیا جا رہا ہے، اس مدت کے دوران، جیسے کہ ہم پوری عالمگیر وباء کے دوران رہے ہیں، ہم Covid سے محفوظ طریقے سے اور حکومت کے رہنما خطوط کی مطابقت میں اپنی خدمات پیش کرنا جاری رکھیں گے۔ میرا خیال ہے کہ ہم سب اس بات پر متفق ہو سکتے ہیں کہ ہمیں امید ہے آنے والے مہینوں میں معاملات درست ہوجائیں گے لیکن اس دوران میں اپنے تمام گاہکوں کا شکر گزار ہوں اس عالمگیر وباء کے دوران ان کے صبر و سکون اور لچکداری کے لیے، براہِ مہربانی ہماری خدمات کے بارے میں مزید معلومات بشمول وسیع رینج کے مشوروں اور معاونت کے لیے ہماری ویب سائٹ چیک کرتے رہیں۔

وین گیتھنگز، چیف ایگزیکٹیو

**کلائیو ڈین، صدر نشین کسٹمر وائس پینل**

ہیلو سبھی لوگ، میں کلائیو ڈین ہوں، ریکن میں کسٹمر وائس پینل کا نیا صدر نشین۔ میں گزشتہ چھ برسوں سے اس میں شامل ایک رہائشی ہوں۔ کسٹمر وائس پینل کے صدر نشین کی حیثیت سے، میرے ساتھی شامل رہائشی اور میں ریکن کے بورڈ اور ایگزیکیٹیو ٹیم کے ساتھ، گاہکوں کے نظریات پیش کرنے، خدمات کی ترسیل کے لیے بورڈ کو ذمہ دار ٹھہرانے اور ہمارے گاہکوں کے لیے اہم مسائل کو حل کرنے کے لیے براہِ راست کام کرتے ہیں۔

ما قبل اس سال میرے صدر نشین بننے سے لے کر، ہمیں ایک بے مثال صورتحال کا سامنا کرنا پڑا ہے اور مجھے یہ کہتے ہوئے خوشی ہوتی ہے کہ ہم نے رینکن میں ملازمین کے ساتھ بہتر کام کیا ہے ، لیکن جیسے جیسے ہم آگے بڑھ رہے ہیں، ہم سب سیکھ رہے ہیں۔

ریکن میں ایک عمدہ شمولیت کا ڈھانچہ موجود ہے جو کسی بھی مسئلے سے کسٹمر وائس پینل کو آگاہ کرتا ہے، اس میں شامل ہیں:

- کرایہ داروں کا پینل جن سے بڑی پالیسیوں اور حکمت عملیوں کے بارے میں مشورہ کیا جاتا ہے جب وہ تیار ہوتی ہیں۔
- کرایہ داروں کے آڈیٹرز جو گہرائی سے انفرادی خدمات کے شعبوں کی جانچ کرتے ہیں۔
- کسٹمر اشورنس پینل جو کرایہ داروں کے چارٹر اور قومی اور مقامی معیارات کے مقابلے ریکین کی جانچ کرتا ہے۔

اب پہلے سے کہیں زیادہ، یہ ضروری ہے کہ گاہکوں کی بات سنی جائے، اس لیے اگر آپ شامل ہونے میں دلچسپی رکھتے ہیں، تو براہِ مہربانی یہاں رابطہ کریں: getinvolved@wrekin.com یا 01952 21718 پر کال کریں۔

**نئے مکانوں کو کمیونٹی کی ضروریات کے مطابق بنایا جا رہا ہے**

9 عدد نئے تعمیر کردہ بنگلوں کی چابیاں، جنھیں خاص طور پر وہیل چیئر استعمال کرنے والوں کے لیے تعمیر کیا گیا ہے، میلینسلی، ٹیلفورڈ اور لیزلی اووین وے، شیئرسبری میں خاندانوں کو سونپ دی گئی ہیں۔

صوفی اور ان کا بیٹا میسن لیزلی اووین وے پر واقع اپنے نئے وہیل چیئر کے مطابق بنائے گئے بنگلے میں منتقل ہو گئے ہیں اور انھوں نے کہا: "وہیل چیئر کے لیے جگہ والا گھر اور ایک موٹرائزڈ ہوئسٹ کا استعمال کرنے کی صلاحیت میسن کے لیے لاجواب ہے، اور اب ہمارے پاس کھیلنے کے لیے ایک گارڈن بھی ہے!"

ہم شروپشائر اور ٹیلفورڈ اور ریکن کونسل، مقامی کلینیکل کمیشننگ گروپس اور NHS سمیت مقامی حکام کے ساتھ مل کر کام کرتے رہے ہیں، یہ یقینی بنانے کے لیے کہ ہم ایسی جائیدادیں فراہم کر سکیں جن کی ہماری کمیونٹی کو ضرورت ہے۔

بنگلے ہمارے وسیع تر سرمایہ کاری منصوبے کا ایک جزو ہیں جس کے تحت ہم مزید 2،391 نئے مکانات ٹیلفورڈ اور ریکن، شروپشائر اور اسٹافورڈشائر بھر میں اگلے پانچ برسوں میں تعمیر کریں گے، جن میں سے 350 مکانات اس سال مکمل ہو جائیں گے۔

**Covid-19 معاونت اور مشورہ**

ہم آپ کو اور اپنے عملے کو محفوظ رکھتے ہوئے، اپنی خدمات کو Covid سے محفوظ طریقے سے فراہم کرنا جاری رکھے ہوئے ہیں۔ براہِ مہربانی اس بارے میں مزید معلومات کے لیے کہ ہماری خدمات کیسے تبدیل ہو سکتی ہیں، ہماری ویب سائٹ wrekin.com/coronavirus پر تشریف لائیں۔

**پرنسیس کا دورہ پرنسیس ایوینیو**

ستمبر میں ہر رائل ہائی نیس دی پرنسیس رائل نے آرلیسٹن میں ایک نئے رہائشی ترقیات کا دورہ فرمایا اس موقع پر ان کا استقبال کرتے ہوئے ہمیں فخر محسوس ہوا۔

پرنسیس ایوینیو پرواقع چار نئی پراپرٹیز اعلی پائیداری والی لکڑی کے فریم پر تعمیر شدہ پیسیو ہاؤس نامی عمارت جلد ہی گاہکوں کی منتقلی کے لیے تیار ہو جائے گی۔ پرنسیس ایوینیو پر ہونے والی ترقیات میں 41 روایتی طور پر تعمیر کی جانے والی پراپرٹیز بھی شامل ہیں۔

پرنسیس رائل نے گروپ کے چیف ایگزیکٹیو وین گیتھنگز، گروپ کے صدر نشین ڈیسمنڈ ہڈسن اور ریکن کے ان ٹرینیز سے ملاقات کی جنھوں نے فیملی مکان تعمیر کیے ہیں۔ تمام ٹرینیز تعمیرات کے شعبے میں نئے ہیں اور دی مارچیز کنسٹرکشن ریڈی پارٹنرشپ کی تربیت سے مستفید ہوئے ہیں۔ تعمیراتی ٹیم میں ریکن کے کے گاہک بشمول سائمن ہیچین بھی شامل ہیں جنھوں نے کہا: "18 ماہ سے بھی کم پہلے، میں کسی بھی تعمیراتی سائٹ پر کبھی نہیں گیا تھا، اب میں نے دیکھا کہ ایک شہزادی اس مکان کے آس پاس تھی جسے میں نے اور میری ٹیم نے اپنے ہاتھوں سے بنایا تھا۔"

"ہر رائل ہائی نیس واقعتاً تعمیر کے دوران ہمارے ذریعے کیے گئے کاموں اور مکانوں کی پائیداری میں دلچسپی لے رہی تھیں۔ ہم سے صرف اتنا کہا گیا تھا کہ وہ جمعہ کے روز تشریف لا رہی ہیں اور اس بات نے واقعی ہمارا دن بنا دیا کہ شاہی خاندان کی ایک فرد نے یہاں ویلنگٹن میں آنے اور ہم سے ملاقات کے لیے وقت نکالا اور ان مکانوں کا دورہ کیا جنھیں ہم نے تعمیر کیا ہے۔"

پرنسیس رائل کا یہ دورہ شروپشائر کے ایک ٹور کا جزو تھا جس میں ہارپر ایڈمز یونیورسٹی اور ٹیلفورڈ ٹاؤن پارک کے دورے بھی شامل تھے۔

دورے کے بعدم ریکن گروپ کے چیف ایگزیکٹیو نے کہا: "پرنسیس رائل کا ان لاجواب مکانوں میں خیر مقدم کرنا واقعی ہمارے لیے ایک اعزاز کی بات تھی۔ ان نئی عمارتوں کی تعمیر سائٹ پر اسی روایتی تعمیرات مکان جیسی خوبصورتی کے ساتھ تعمیر کرنے میں ٹیم نے لاجواب کام انجام دیا ہے۔ "ایک تنظیم کے بطور ہم اپنے مکانات کے اسٹاک کو مستقبل کے لیے پائیدار بنانے کے لیے عہد بستہ ہیں اور یہ پیسیو ہاؤس مکانات ان کا محض ایک حصہ ہیں۔""

اس سال شروع ہونے والے ایک نئے پروجیکٹ میں ہم اپنی ماحول دوست پہلوں کو جاری رکھیں گے جس میں موجودہ پراپرٹیز میں سے منتخبہ میں بیٹری اسٹوریج اور سولر فوٹوولٹک ٹیکنالوجز انسٹال کریں گے۔

**گاہکوں کے لیے مدد**

**مالی امور کے مشورے**

ہمارے پاس مالی امور کے ماہرین کی ٹیم دستیاب ہے جو رقم اور فوائد کی معاونت اور مشورے پیش کرتی ہے۔

COVID-19 کی عالمگیر وباء نے بہت غیر یقینی کی صورتحال قائم کی ہے۔ ہماری ویب سائٹ پر آپ کو اکثر پوچھے جانے والے سوالات کا صفحہ ملے گا جس میں موضوعات کی ایک رینج کا احاطہ کیا گیا ہے جس میں کرایہ، کونسل ٹیکس، یوٹیلٹی بلز، قرضہ جات اور یونیورسل کریڈٹ شامل ہے۔

wrekin.com پر جائیں، صفحے کے سب سے اوپر COVID-19 سپورٹ اینڈ ایڈوائس پر کلک کریں اور پھر کثرت سے پوچھے جانے والے سوالات پر کلک کریں۔ یا آپ ٹیم سے براہ راست رابطہ کر سکتے ہیں۔ ٹیلیفون: 01952 217234 ای میل: money.matters@wrekin.com

**اپنے روزگار کے امکانات کو بہتر بنائیں**

اگر آپ کو اپنے روزگار کھو جانے کی پریشانی ہے، آپ کے پاس کوئی کام نہیں ہے یا اپنے روزگار کے مواقع کو بہتر بنانا چاہتے ہیں، تو ہم سے رابطہ کریں۔ رینکن کرایہ داروں اور ان کے اہل خانہ کو 1:1 ملازمت اور مہارت کی پیش کش کرتے ہیں۔

مزید جاننے کے لیے ٹیم سے رابطہ کریں: ٹیلیفون: 07816 510370، ای میل: opportunities@wrekin.com

**حکومت کی کک اسٹارٹ اسکیم**

ریکن حکومت کی کک اسٹارٹ اسکیم میں 16 سے 24 سال کی عمر کے نوجوانوں کے لیے نئے روزگار پیدا کرنے کے لیے شرکت کرنے کی امید رکھتا ہے۔ اگر یہ کامیاب ہوتا ہے، ہم 30 لوگوں کو روزگار کی پیش کش کریں گے جن میں سے ہر ایک چھ مہینوں تک برسر روزگار رہیں گے، اگلے سال بھر میں دی ریکن ہاؤسنگ گروپ کے تمام حصوں میں۔

اگر آپ ایک نوجوان ہیں، چھ مہینوں کی با تنخواہ ملازمت میں دلچسپی رکھتے ہیں، تو براہِ مہربانی ہم سے رابطہ کریں تاکہ ہم آپ کو روزگار کے مواقع کے بارے میں باخبر رکھیں جب وہ سامنے آئیں۔ ٹیلیفون: 07816 510370، ای میل: opportunities@wrekin.com

وہ گاہک جو ریکن ہوم مشمولات کی بیمہ پالیسی لیتے ہیں وہ چار ہفتوں تک مفت احاطہ کے حقدار ہیں!

wrekin.com پر جائیں اور مزید تفصیلات کے لیے ہوم کنٹینٹ انشورنس تلاش کریں۔

**انرجی اسمارٹ حاصل کریں**

دی مارچز انرجی ایجنسی کی 'انرجی اسمارٹ حاصل کریں' مہم آپ کو اس موسم سرما میں پیسے بچانے اور گرم رہنے میں مدد کرنے کے بارے میں ہے۔ ان تین اسمارٹ اقدامات کے ذریعے آپ آج ہی شروعات کر سکتے ہیں:

ایک اسمارٹ میٹر حاصل کریں:
اسمارٹ میٹرز معلومات براہِ راست آپ کے سپلائر کو بھیجتے ہیں اور آپ کو یہ بتاتے ہیں کہ آپ کو انرجی کی کتنی لاگت ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ مزید کوئی تخمینہ کردہ بلز اور پریشان کن حیرتیں نہیں۔

اپنا ٹیرف چیک کریں:
انرجی کی لاگتیں گزرتے وقت کے ساتھ اوپر چڑھتی جاتی ہیں اس لیے اسے تبدیل کرنا سوچنا سودمند ہوتا ہے۔ تبدیل کرنا حیرت انگیز طور پر آسان ہے اور یہ آپ کے سینکڑوں پاؤنڈز بچاتا ہے۔

فضول خرچی بند کریں:
معمولی تبدیلیاں جیسے ایل ای ڈی لائٹ بلب انسٹال کرنا اور اپلائنسز کو بند کرنے سے انرجی کا استعمال کم کرنے یا آپ کا بل بچانے میں مدد کر سکتی ہیں۔

کیپ شروپشائر وارم مفت، غیر جانبدار انرجی سے متعلق مشورہ دیتے ہیں اور ان میں سے کسی بھی اقدامات میں آپ کی معاونت کر سکتے ہیں (اور مزید بہت کچھ!)۔ آپ انھیں 0800 112 3743 پر کال کر سکتے ہیں یا advice@mea.org.uk پر ای میل کریں

وارم ہوم ڈسکاؤنٹ

کم آمدنی والے یا وہ جنھیں گیارنٹی پینشن کریڈٹ موصول ہوتی ہے، ایک وارم ہوم ڈسکاؤنٹ کے حقدار ہو سکتے ہیں۔ یہ انرجی بل کا ایک کریڈٹ ہے، جو عموماً مارچ کے مہینے کے آخر میں دیا جاتا ہے۔ اگر آپ خود بخود اس کے اہل ہو جاتے ہیں، تو آپ کو دسمبر 2020 تک یہ بتانے والا خط مل جانا چاہیے کہ یہ ڈسکاؤنٹ کیسے حاصل کریں۔

مزید معلومات کے لیے وارم ہوم ڈسکاؤنٹ ہیلپ لائن کو 0800 731 021 پر کال کریں یا www.gov.uk/the-warm-home-discount-scheme پر جائیں

موسم سرما ایندھن کی ادائیگی

اگر آپ ریاستی پینشن کی عمر کے فرد ہیں، ریاستی پینشن موصول کرنے کے اہل ہیں، تو آپ موسم سرما ایندھن کی ادائیگی حاصل کرنے کے اہل ہیں۔ یہ آپ کی ہیٹنگ لاگتوں کی ادائیگی کے لیے £100 سے £300 کے بیچ کوئی رقم ہوتی ہے اور عموماً خودکار طور پر اس کا اطلاق ہو جاتا ہے۔

مزید معلومات کے لیے موسم سرما ایندھن کی ادائیگی کی ہیلپ لائن کو 0800 731 0160 پر کال کریں یا www.gov.uk/winter-fuel-payment پر جائیں

**2021 کا کیلنڈر رنگوں سے بھرپور ہے**

آپ کا ریکن کیلنڈر ہمارے مقابلے کے 12 فاتح فن پاروں سے مزین ہے۔ اس سال ہمارا موضوع 'زندگی آپ کی دہلیز پر' ہے اور ہم چاہتے تھے کہ فنکاران رنگوں کے استعمال کے بارے میں سوچیں تاکہ ہمارے کیلنڈر کو اب تک کا سب سے زیادہ زندگی سے بھرپور بنانے میں مدد ملے۔ ہماری فاتح لیزلی ہاؤز کو مبارکباد جن کی پیسٹل کی ڈرائنگ جس کا عنوان ہے 'مینا کے لیے کوئی سماجی دوری نہیں'، نے فرنٹ کور پر جگہ پائی ہے۔ اس میں ایک کھڑکی سے قریب کے کھیتوں کا منظر پیش کیا گیا ہے جس میں ایک مینا کو چہچہاتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔